## سوال

نماز مغرب کا وقت کب شروع اور کب ختم ہوتا ہے ؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مغرب کا وقت سورج کے مکمل طور پر غروب ہونے سے شروع ہوتا ہے اور آسمان سے سرخی کے غائب ہونے تک رہتا ہے ۔

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : ''ظہر کا وقت ( شروع ہوتا ہے ) جب سورج ڈھل جائے اور آدمی کا سایہ اس کے قد کے برابر ہو ( جانے تک ) ، جب تک عصر کا وقت نہیں ہوجاتا ( رہتا ہے ) اور عصر کا وقت ( ہے ) جب تک سورج زرد نہ ہوجائے اور مغرب کا وقت ( ہے ) جب تک سرخی غائب نہ ہوجائے اور عشاء کی نماز کا وقت رات کے پہلے نصف تک ہے اور صبح کی نماز کا وقت طلوع فجر سے اس وقت تک ( ہے ) جب تک سورج طلوع نہیں ہوتا ، جب سورج طلوع ہونے لگے تو نماز سے رک جاؤ کیونکہ وہ شیطان کے دو سینگوں کے درمیان نکلتا ہے ۔'' ( صحیح مسلم : 612)

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث